سپلیمنٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام (SNAP) اور/یا ٹمپریری اسسٹنس (TA) کی چوری شدہ نقد مراعات کے متبادل کی درخواست

SNAP اور/یا TA کے نقد فوائد کا متبادل حاصل کرنے کی درخواست کرنے کے لیے اس فارم کا استعمال کرنا لازمی ہے جو الیکٹرانک ذرائع جیسے کارڈ سکیمنگ، کارڈ کلوننگ، تیسرے فریق کی غلط بیانی یا اسی طرح کے دھوکہ دہی کے دیگر طریقوں جیسے کہ فشنگ کے ذریعے چوری کیے گئے تھے۔

حصہ A: گھرانے کی معلومات

کیس کا نام		کاؤنٹی
کیس کا نمبر یا کلائنٹ کا ID نمبر (CIN)	EBT کارڈ کے آخری 5 اعداد	تاریخِ پیدائش
پتہ (بشمول مکان اور اپارٹمنٹ نمبر)	شہر، ریاست، Zip	فون نمبر

حصہ B: فوائد کی چوری کی معلومات

میں _____، اوپر مذکورہ کیس کے لیے اس گھرانے کا/کی سربراہ یا گھرانے کا/کی ایک بالغ رکن ہوں اور ایجنسی کے نمائندے کو یہ رپورٹ کرنا چاہتا/چاہتی ہوں کہ:

وہ تاریخ جب مجھے پتہ چلا کہ فوائد چوری ہو گئے ہیں: _____ (یہ تاریخ پچھلے 30 دنوں کے اندر کی ہونی چاہیے ورنہ آپ کی درخواست بے وقت جمع کروانے کی وجہ سے مسترد ہو سکتی ہے۔)

چوری شدہ SNAP فوائد کی کُل رقم: _____$

چوری شدہ TA کے نقد فوائد کی کُل رقم: _____$

جس وقت میرے فوائد چوری ہوئے اس وقت میرا EBT کارڈ میرے پاس تھا: ☐ ہاں ☐ نہیں

میں نے اپنے EBT کارڈ کی گمشدگی یا چوری کی اطلاع دی تھی: ☐ ہاں ☐ نہیں

براہِ کرم ان ٹرانزیکشنز کی فہرست بنائیں جو آپ نے نہیں کیں (اگر ضروری ہو تو اضافی شیٹیں لف کریں):

ٹرانزیکشن کی تاریخ	پروگرام کی قسم (SNAP یا TA نقد)	ٹرانزیکشن کی رقم	ریٹیلر کا نام اور ٹرانزیکشن کا مقام (پتہ)

براہِ کرم چوری کے متعلق کوئی بھی اضافی معلومات فراہم کریں جو آپ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے علم میں ہونا ضروری ہے:

حصہ C: تصدیق

میں مندرجہ ذیل کو سمجھتا/سمجھتی ہوں اور اس سے متفق ہوں:

- چوری شدہ فوائد کا متبادل حاصل کرنے کی درخواست کرنے کے لیے مجھ پر لازم ہے کہ اس فارم کو مکمل کروں، دستخط کروں اور جمع کرواؤں۔
- میں جھوٹی گواہی کی سزا کے تحت اعلان کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے اس درخواست میں جو معلومات فراہم کی ہیں وہ درست اور درست ہیں۔
- اس درخواست کو جمع کروانا اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ میرے فوائد کا متبادل ملے گا۔
- اگر میں نے پہلے ہی اپنا چوری یا ہیک شدہ EBT کارڈ تبدیل نہیں کیا ہے تو اسے غیر فعال کر دیا جائے گا اور میری طرف سے تبدیل کر دیا جائے گا۔
- اگر میں نے اوپر بیان کردہ حقائق کے بارے میں جان بوجھ کر غلط معلومات دی ہیں، تو مجھ پر پروگرام کی دانستہ خلاف ورزی (Intentional Program Violation, IPV) کا الزام عائد کیا جا سکتا ہے اور اس پر دیوانی اور فوجداری جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے، بشمول، لیکن اسی تک محدود نہیں، جھوٹی گواہی یا جھوٹا دستاویز درج کروانے کے جرمانے۔ مجھے وہ فوائد بھی واپس کرنا ہوں گے جو میں وصول کرنے کا اہل نہیں تھا/تھی۔
- مجھے اپنے گھرانے کے لیے متبادل کا اجراء کیے جانے سے انکار یا اس میں تاخیر کے خلاف مبنی بر انصاف سماعت کا حق حاصل ہے۔ مبنی بر انصاف سماعت ہو جانے تک متبادل جاری نہیں کیے جائیں گے۔

_____ دستخط

_____ تاریخ

نوٹ: یہ مکمل پُر کردہ اور دستخط شدہ فارم آپ کے مقامی ضلع میں جمع کروانا لازمی ہے۔ یہ فارم ذاتی طور پر، بذریعہ ڈاک، یا NYDocSubmit کے ذریعے جمع کروایا جا سکتا ہے۔

Section D: District Determination

District Use Only

Replacement Approved? ☐ Yes ☐ No

Replacement Amount(s): **SNAP - $**_____ **TA Cash - $**_____

Comments:

Worker Signature: _____ **Date:** _____

Supervisor Signature: _____ **Date:** _____

سپلیمنٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام (SNAP) اور/یا ٹمپریری اسسٹنس (TA) کی چوری شدہ نقد مراعات کے متبادل کی درخواست مکمل کرنے کی ہدایات

اگر آپ نا بینا ہیں یا آپ کی نظر بہت زیادہ کمزور ہے اور آپ کو یہ درخواست اور/یا *سپلیمنٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) اور/یا ٹمپریری اسسٹنس (Temporary Assistance, TA) کی چوری شدہ نقد مراعات کے متبادل کی درخواست* کسی متبادل فارمیٹ میں چاہیے تو آپ اپنی مقامی سوشل سروسز ڈسٹرکٹ (ڈسٹرکٹ) سے ان کی درخواست کر سکتے ہیں۔ درج ذیل متبادل فارمیٹس دستیاب ہیں:

- بڑے حروف؛
- ڈیٹا فارمیٹ (ایک اسکرین ریڈر – قابل رسائی الیکٹرانک فائل)؛
- آواز والا فارمیٹ (ہدایات اور درخواست/دوبارہ تصدیق کے سوالات آواز کی شکل میں)؛
- بریل، اگر آپ اصرار کرتے ہیں کہ مذکورہ بالا کوئی بھی متبادل فارمیٹس آپ کے لیے یکساں طور پر بیکار ہیں۔

اگر آپ کو کوئی دیگر سہولت درکار ہو تو براہ مہربانی اپنے سوشل سروسز ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔

عمومی

سپلیمنٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام (SNAP) اور/یا ٹمپریری اسسٹنس (TA) کی چوری شدہ نقد مراعات کے متبادل کی درخواست کا درخواست نامہ ان گھرانوں کو پُر کرنا چاہیے جن کو دھوکہ دہی سے مراعات چرا لیے جانے کا سامنا ہوا ہو۔ اس قسم کی چوری اس وقت ہوتی ہے SNAP اور/یا TA کی نقد مراعات کی چوری برقی ذرائع، جیسے EBT کارڈ اِسکمنگ، کلوننگ، فریق ثالث کی جھوٹی نمائندگی یا ان سے ملتے جلتے دیگر دھوکہ دہی کے طریقوں، جیسے فشنگ، کے ذریعے کی جاتی ہے۔

آپ نے ہر سیکشن جس قدر ممکن ہو مکمل اور درست طریقے سے پُر کرنا ہے اور اس درخواست کو جمع کروانے سے پہلے اس پر دستخط کر کے تاریخ درج کرنی ہے۔ SNAP کی مراعات کے متبادل کے لیے اہل قرار پانے کے لیے، آپ کو یہ درخواست اس تاریخ کے **تیس (30) دن کے اندر** جمع کروانی ہو گی جب آپ کے علم میں آیا کہ آپ کی مراعات چرا لی گئی ہیں۔ 30 دن کے بعد، آپ SNAP کی مراعات کے متبادل کے اہل نہیں رہتے۔

حصہ A: گھرانے کی معلومات

اس حصے میں آپ کے گھرانے کے حالات کے بارے میں آبادیات سے متعلق بنیادی معلومات اکٹھی کی جاتی ہیں۔

حصہ B: فوائد کی چوری کی معلومات

اس حصے میں SNAP اور/یا TA کی نقد مراعات کی چوری کی مخصوص معلومات اور اس EBT کارڈ کے متعلق معلومات جمع کی جائیں گی جو آپ کی مراعات کی چوری کے وقت آپ کے پاس تھا۔

براہ مہربانی یاد رکھیں، اگر آپ نے اپنی مراعات چوری ہونے کے بعد اب تک اپنے EBT کارڈ کی گمشدگی یا چوری کی درخواست نہیں دی ہے اور اپنی مراعات چوری ہونے کے بعد سے اب تک ایک نئے EBT کارڈ کی درخواست نہیں کی ہے تو آپ کے SNAP یا TA اکاؤنٹ کے اب بھی خطرے میں ہونے کا امکان ہے۔ جب تک آپ اپنے EBT کارڈ کی گمشدگی یا چوری کی رپورٹ نہیں کریں گے متبادل فوائد جاری نہیں کیے جائیں گے۔ اپنے کارڈ کی چوری کی رپورٹ کرنے، نئے کارڈ کے لیے درخواست دینے اور اپنا PIN تبدیل کرنے کے لیے براہ مہربانی EBT کسٹمر سروس کو 888-328-6399 پر کال کریں یا https://ebtEDGE.com پر جائیں۔

اگر آپ کا چوری یا ہیک شدہ کارڈ درخواست سے پہلے غیر فعال نہیں کیا گیا ہے تو اسے آپ کی جانب سے غیر فعال کر دیا جائے گا اور درخواست کے جائزے کے عمل کے دوران آپ کو ایک متبادل کارڈ بھیجا جائے گا۔ اس سے آپ کو متبادل فائدہ کی وصولی، اگر آپ اہل ہیں تو، میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

ٹرانزیکشنز

SNAP اور/یا TA کی ہر وہ ٹرانزیکشن جو آپ نے نہیں کی ایک علیحدہ سطر میں درج کریں، حتیٰ کہ وہ خریداریاں بھی جو ایک ہی تاریخ کو یا ایک ہی ریٹیلر کے پاس کی گئی ہوں۔ مزید سطور درکار ہوں تو حسب ضرورت اضافی شیٹس منسلک کریں۔ آپ https://www.ebtEDGE.com/ پر اپنی EBT کی سابقہ تفصیلات کا جائزہ لے کر یا ebtEDGE موبائل ایپ (Apple App Store یا Google Play Store پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے) ڈاؤن لوڈ کر کے یہ معلومات تلاش کر سکتے اور دیکھ سکتے ہیں۔ متبادل طور پر، آپ کو یہ معلومات مفت EBT کسٹمر سروس ہیلپ لائن کو 1-888-328-6399 پر کال کر کے بھی مل سکتی ہیں۔ آپ اس ہیلپ لائن کو یہ کچھ کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں:

- خود کار مینیو پر اپنی آخری دس ٹرانزیکشنز سننا۔
- خودکار مینیو یا کسٹمر سروس کے نمائندے کے ذریعے اپنے اکاؤنٹ کی گزشتہ 2 ماہ کی تفصیلات کی پرنٹ شدہ اسٹیٹمنٹ کی درخواست۔
- کسٹمر سروس کے کسی نمائندے کے ساتھ اپنی ٹرانزیکشنز کا جائزہ۔

اضافی معلومات

براہِ مہربانی چوری کے متعلق ایسی کوئی بھی اضافی معلومات پرنٹ کریں جن کا آپ کے ڈسٹرکٹ کے علم میں ہونا آپ کے خیال میں اہم ہے: مثلاً، اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ جانتے ہیں کہ آپ کے اکاؤنٹ کی حفاظت کا توڑ کس طرح ممکن ہوا تو براہ مہربانی یہاں وضاحت کریں۔

حصہ C: تصدیق

براہ مہربانی سرٹیفیکیشن والا حصہ غور سے پڑھیں۔ اگر آپ سرٹیفیکیشن کی شرائط سے متفق ہیں تو براہ مہربانی درخواست پر دستخط کر کے تاریخ درج کریں۔ درخواست پر کاروائی کے لیے آپ کے دستخط اور تاریخ درکار ہیں۔

حصہ D: ڈسٹرکٹ کا تعین

درخواست کا بقیہ حصہ ڈسٹرکٹ کے استعمال کے لیے ہے۔ صرف ڈسٹرکٹ کے استعمال کے لیے والے حصّے میں **نہ** لکھیں۔ اگر درخواست کے کسی حصے کے لیے اضافی جگہ درکار ہو تو براہ مہربانی اضافی تفصیلات کاغذ کی ایک علیحدہ شیٹ پر درج کر کے منسلک کریں۔

متبادل مراعت کی اہلیت اور حساب

اس صورت میں متبادل مراعت حاصل کرنے کے لیے آپ کا SNAP یا TA کے فعال کیس کا حامل ہونا درکار نہیں ہے اگر یہ تعین کر لیا جائے کہ آپ کی نقد مراعات کی چوری برقی ذرائع، جیسے EBT کارڈ اِسکمنگ، کلوننگ، فریق ثالث کی جھوٹی نمائندگی یا ان سے ملتے جلتے دیگر دھوکہ دہی کے طریقوں، جیسے فشنگ، کے ذریعے کی گئی ہے۔ متبادل مراعت کی دستیابی کا انحصار چوری ہونے والی مراعت کی قسم پر ہے۔

TA

TA کی نقد مراعات کے متبادل کا اجراء ان گھرانوں تک محدود ہے جن کو دھوکہ دہی کے ذریعے TA کی نقد مراعات کی چوری کا سامنا **1 جنوری، 2022 کو یا اس کے بعد** ہوا۔ گھرانے 1 جنوری، 2022 سے 30 ستمبر، 2022 کی درمیانی مدت کے لیے دو (2) سے زائد TA کی متبادل نقد مراعات وصول نہیں کر سکتے۔ اس کے بعد، گھرانے ایک وفاقی مالی سال (1 اکتوبر، 2022 سے 30 ستمبر، 2023، اور 1 اکتوبر 2023 سے 30 ستمبر، 2024) میں دو (2) سے زائد TA کی متبادل نقد مراعات وصول نہیں کر سکتے۔ 30 ستمبر، 2024 کے بعد، گھرانے ایک وفاقی مالی سال میں TA کی صرف ایک (1) متبادل نقد مراعت وصول کرنے کے اہل ہوں گے۔

SNAP

SNAP کی مراعات کے متبادل کا اجراء ان گھرانوں تک محدود ہے جن کو دھوکہ دہی کے ذریعے SNAP کی نقد مراعات کی چوری کا سامنا **1 اکتوبر، 2022 کو یا اس کے بعد 20 دسمبر، 2024 تک** ہوا۔ گھرانے ایک وفاقی مالی سال میں، جو کہ 1 اکتوبر سے 30 ستمبر کا دورانیہ ہوتا ہے، دو (2) سے زائد SNAP کی متبادل مراعات وصول نہیں کر سکتے۔

دونوں اقسام کی مراعات کے لیے، آپ جو متبادل مراعت وصول کرنے کے اہل ہیں وہ یا تو چوری ہونے والی SNAP یا TA کی نقد مراعات کی رقم ہے یا پھر SNAP یا TA کی ان نقد مراعات کی دو (2) گنا مالیت کے برابر رقم ہے جو آپ کو اس حالیہ ترین مکمل مہینے میں وصول ہوئیں جب آپ کو اپنی مراعات کی چوری سے قبل SNAP یا TA کی مراعات وصول ہوئی تھیں، **ان میں سے جو بھی کم ہو۔**

درخواست جمع کروانے کی ہدایات

نیویارک سٹی سے باہر رہنے والے گھرانوں کے لیے، یہ درخواست آپ کی مقامی ڈسٹرکٹ میں ذاتی طور پر، بذریعہ ڈاک یا NYDocSubmit کے ذریعے موبائل اپ لوڈ سے جمع کروائی جا سکتی ہے۔

- **بذریعہ ڈاک/ذاتی طور پر**: اپنی مقامی ڈسٹرکٹ کا پتہ اور رابطے کی معلومات تلاش کرنے کے لیے آپ ہماری ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں: https://otda.ny.gov/workingfamilies/dss.asp یا OTDA کی مفت ہیلپ لائن پر کال کر سکتے ہیں: 1-800-342-3009۔
- **موبائل اپ لوڈ:** آپ اپنی درخواست کی تصویر کھینچ کر اور اپنی موبائل ڈیوائس کے ذریعے تصاویر جمع کروا کر اپنی ڈسٹرکٹ پر درخواست اپ لوڈ کرنے کے لیے NYDocSubmit موبائل ایپ استعمال کر سکتے ہیں۔ زیادہ تفصیلی ہدایات کے لیے، براہ مہربانی ہماری ویب سائٹ پر جائیں: https://otda.ny.gov/programs/nydocsubmit/۔

نیو یارک سٹی میں رہنے والے گھرانوں کے لیے:

- **آن لائن درخواست دیں**: اپنے ACCESS HRA اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں یا https://www.nyc.gov/site/hra/help/benefitreplacement.page پر جائیں
  - **آن لائن درخواست دینا، تیز ترین اور آسان ترین طریقہ ہے!**
- **بذریعہ ڈاک**: آپ کاغذی شکل میں مکمل کی گئی درخواست اس پتے پر ڈاک سے بھیج سکتے ہیں:
  - PO Box 29006 Brooklyn, NY 11202۔
- **ذاتی طور پر**: آپ کسی بھی Benefits Access یا SNAP سینٹر میں تشریف لا سکتے ہیں۔ آپ NYC.gov (https://www.nyc.gov/site/hra/locations/locations.page) پر سینٹر تلاش کر سکتے ہیں